ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ۔ ایبٹ آباد

ہدایات برائے ONLINE رجسٹریشن گیارہویں جماعت FIRST YEAR

1۔جماعت گیارہویں رجسٹریشن فارم (Landscape) اور A4 سائز (Light Blue) کاغذ پر پرنٹ کریں۔رجسٹریشن نمبر اور سیریل ایک ہی ہونے چاہییے۔

2۔تصویر کا سائز "1"x1 (انچ) رکھیں۔تصویر معیاری اور صاف (Blue Back ground) میں بنائیں۔تصاویر میں (Shoulders) یعنی کندھے کا ہونا ضروری ہے۔

پرانے میٹرک والی تصاویر نہیں لگانی ہیں تا کہ امتحان کے وقت شناخت میں مشکل نہ ہو۔(Staple) لگی ہوئی اور طلبہ کے نام ورولنمبر کی لکھائی والی تصاویر ہرگز قابلِ قبول نہیں ہوں گی۔

3۔کسی بھی بورڈ سے میٹرک پاس طلباء وطالبات کا داخلہ کرتے وقت تمام تعلیمی ادارے اس بات کے پابند ہیں کہ ایسے طلبہ سے متعلقہ بورڈ کی طرف سے جاری کردہ اصل مائیگریشن سرٹفیکیٹ اور ڈی ایم سی کی Verified Copy اور اس Verified Copy کی ایک عدد فوٹو کاپی حاصل کرنے کے بعد داخلہ دیں گے اور ایسے تمام طلباء و طالبات کو رجسٹریشن فارم کے بالکل آخر میں درج (Enter) کریں۔

4۔دوسرے بورڈز سے بارہویں جماعت (2nd Year) جاری مائیگریشن کرنے والے طلباء وطالبات بورڈ کی ویب سائیٹ پر موجود (Manual Registration Form Download) کریں اور کوائف لکھ کر رجسٹریشن سیکشن میں جمع کریں۔
(Co-Education) والے گورنمنٹ سکول/کالج پہلے لڑکوں کی انٹری کریں پھر لڑکیوں کی انٹری شروع کریں اور لڑکوں کے سکول میں لڑکیوں کے داخلے کیلئے DEO سے موجودہ سال کا اجازت نامہ لیکر لگائیں۔

5۔رجسٹریشن Gender wise (یعنی پہلے لڑکوں کی انٹری اور پھر لڑکیوں کی انٹری کریں) اور Group wise مندرجہ ذیل ترتیب سے کریں.

1. Pre-Medical
2. Pre - Engineering
3. Computer Science / General Science
4. Humanities

6۔تمام طلباء وطالبات کی ایبٹ آباد بورڈ میں صرف ایک ہی مرتبہ رجسٹریشن ہوگی۔ نتیجہ منسوخی (Result Quashed) غیر حاضر (Absent) مکمل فیل (Full Fail) طلباء وطالبات کی دوسری مرتبہ رجسٹریشن ہرگز نہ کریں۔ایسے رجسٹرڈ طلباء وطالبات جو پڑھائی کے دوران کسی اور تعلیمی ادارے میں منتقل ہونا چاہتے ہیں، انہیں بورڈ دفتر سے لوکل مائیگریشن (Local Migration) ضرور کروانی ہوگی۔

7۔جن بچوں نے میٹرک میں بیالوجی (Biology) مضمون نہ پڑھا ہو وہ پری میڈیکل گروپ میں داخلے کے اہل نہیں ہیں۔

8۔پرائیویٹ سکولز و کالجز طلباء وطالبات کی فیس الگ الگ رسید پر جمع کروائیں۔رجسٹریشن سیکشن میں رجسٹریشن فارم اور رجسٹریشن فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ نوٹیفکیشن کے مطابق ایک ہی ہے بصورت دیگر اسی تاریخ کی مقررہ فیس جمع کرنی ہوگی۔

9۔ جو طلباء وطالبات اپنا گروپ/مضمون تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو پرنسپل سے دستخط شدہ درخواست رجسٹریشن لسٹ (تصدیق شدہ) کی کاپی بمع فیس Rs.1200/= کی بنک رسید رجسٹریشن سیکشن میں جمع کرائیں۔

10۔غیر مسلم طلباء اگر چاہیں تو (Ethics) کی جگہ اسلامیات لازمی کا مضمون بھی رکھ سکتے ہیں۔اسی طرح بیرونِ ملک سے آنے والے طلباء پاکستانی کلچر (Pakistani Culture) اور (اردو لازمی) دونوں میں سے کسی ایک مضمون کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

11۔فرسٹ ایئر میں داخلہ کے لیے عمر کی زیادہ سے زیادہ حد 20 سال ہے البتہ جن طلباء کی عمر 21 سال سے 23 سال کے درمیان ہو وہ عمر میں رعایت کے لیے اپنے پرنسپل کے ذریعے درخواست رجسٹریشن سیکشن میں بروقت جمع کروانے کے پابند ہیں۔

12۔ A - O Level (IBCC Equivalance Certificate) کی بنیاد پر داخلہ لینے والے طلباء وطالبات اپنے اصل سرٹیفکیٹ رجسٹریشن میں دیکھنے کے لیئے پیش کرنے کے پابند ہونگے۔

13-انرولمنٹ فارم/رجسٹریشن لسٹ جمع کرنے کیلئے آخری تاریخ کا انتظار کیئے بغیر، کام مکمل ہوتے ہی بورڈ دفتر کی رجسٹریشن سیکشن میں جمع کروائیں۔ (I.T related Official) کو بورڈ آفس میں فائل جمع کرنے کیلئے بھیجیں۔ رجسٹریشن لسٹ ڈاکخانے کے ذریعے نہ بھیجیں اور نہ ہی کسی بھی کسی قسم کی فیس ڈاکخانے میں جمع کریں۔ بلکہ بورڈ آفس خود آ کر جمع کریں تا کہ اگر کاغذات پر اعتراضات ہوں تو موقع پر Clear ہوسکیں۔

14-صرف ان طلباء وطالبات کی **Online Registration** کریں جن کے **CRC** یا **Smart card** یا **CNIC** یا **Juvenile card** آپ کے پاس **Hard form** میں موجود ہیں۔

15-ایسے طالبعلم جن کے والد روزگار کے سلسلے میں بیرونِ ملک ہوں اور والدہ حیات نہ ہو:

ایسے طالبعلم اپنے شہر میں واقع نادرا دفتر **NRC/DAU** اپنے ضروری دستاویزات کیساتھ جا کر **JUVENILE Card** بنانے کے لیئے درخواست دیں، یا **Android Mobile phone** میں موجود **Google Play Store** سے **NADRA Pak ID install** کر کے **JUVENILE Card** کے لیئے **Apply** کریں۔

16-طالبعلم کے والد حیات نہ ہوں یا تعاون نہ کرتے ہوں اور والدہ طلاق یافتہ یا خلع یافتہ ہوں:
ایسی صورت میں والدہ اپنے بچے کو لے کر **NADRA** دفتر میں **CRC** کے حصول کے لیئے درخواست دیں۔

17-ایسے طلباء وطالبات جن کے والد اور والدہ دونوں حیات نہیں:

ایسے طلباء اپنے دادا یا دادی، یا قریبی خونی رشتے دار کیساتھ **Guardianship Certificate** حاصل کرنے کے بعد اپنے قریبی **NADRA Office** میں **CRC** کے لیئے درخواست دیں۔

18-ایسے تمام طلباء وطالبات جن کا والد یا والدہ افغان مہاجرین ہوں:
ایسی صورت میں پاکستانی شہریت والے والد یا والدہ اپنے بچوں کو ساتھ لے کر **NADRA** دفتر میں **CRC** کے حصول کے لیئے درخواست دیں۔

19-ایسے طالبعلم جن کے والد یا والدہ کا شناختی کارڈ کسی بھی وجہ سے NADRA کی طرف سے بلاک Block ہو:
اگر والد کا شناختی کارڈ **Block** ہو تو والدہ کیساتھ **NADRA** دفتر میں **CRC** کے حصول کے لیئے درخواست دیں اور اگر والدہ کا شناختی کارڈ **Block** ہو تو والد کیساتھ **NADRA** دفتر میں **CRC** کے حصول کے لیئے درخواست دیں۔

20-ایسے تمام خصوصی طلباء وطالبات (جسمانی معذوری کیساتھ) (Special Persons/Disabled) گیارہویں جماعت کی رجسٹریشن کے خواہشمند ہیں ان سے **(Social Welfare, Special Education & Women Empowerment Department)** کا جاری کردہ سرٹفیکیٹ طلب کر کے پرنسپل سے تصدیق شدہ کاپی رجسٹریشن ریٹرن کیساتھ Covering Letter کے ہمراہ رجسٹریشن سیکشن میں جمع کروائیں۔ ایسے طلباء بورڈ کی تمام فیسوں سے مستثنیٰ ہیں۔ تمام تعلیمی ادارے بھی پابند ہیں کی ایسے طلباء وطالبات سے بورڈ کی فیس طلب نہ کریں۔

21-تمام طلباء وطالبات کے تصویر والے CRC (Child Registration Certificate) کو موبائل فون سے Scan کر کے رجسٹریشن فارم کے متعلقہ خانے میں Upload کریں۔ نادرا والا پرانا بغیر تصویر والا فارم۔ب ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ Smart Card, CNIC بھی قابلِ قبول ہے۔

تمام منتظمین ومتعلقین سے گذارش ہے کہ موجودہ (Online Enrollment/Registration) کے نظام میں کسی بھی قسم کی ٹیکنیکل، انتظامی پیچیدگی، یا اس موجودہ نظام میں بہتری کے لیئے اگر کوئی تجاویز آپ لوگوں کے ذہن میں ہوں تو اپنی انٹر کی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں جمع کرواتے وقت رجسٹریشن سیکشن کے سپرنٹنڈنٹ کے پاس اپنی شکایات، تجاویز تحریری طور پر جمع کروائیں تا کہ مستقبل میں آپ کی تجاویز کی روشنی میں (Online Enrollment/Registration) کے نظام میں بہتری لائی جا سکے۔

(Online Enrollment/Registration) کے متعلق رہنمائی کے لیے فون نمبر **0992-392727** پر رابطہ کریں۔
Office Timings : Monday to Friday (09:00 A.M to 05:00 P.M)